روزنامہ الفضل

ٹیلی فون نمبر:213029

C.P.L 29

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

پیر 23 مئی 2005ء،14 ربیع الثانی 1426 ہجری 23 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 113

سب سے اہم کام

حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں تمام عمال کے نام فرمان لکھا کہ میرے نزدیک تمہارا سب سے اہم کام نماز ہے۔ جس شخص نے اس کی حفاظت کی اور اس پر کاربند ہوگیا اس نے اپنے دین کی حفاظت کی اور جس نے اسے ضائع کردیا وہ دیگر احکام کی بھی کوئی پرواہ نہیں کرے گا۔

(موطا امام مالک کتاب وقوت الصلوٰۃ باب وقوت الصلوٰۃ حدیث نمبر3)

خلافت کے قیام کا مدعا توحید اور عبادت کا قیام ہے

قیام نماز کے متعلق خلفائے سلسلہ احمدیہ کے بابرکت ارشادات

ظاہری اور باطنی پاکیزگی:

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

نماز ظاہری پاکیزگی، ہاتھ منہ دھونے اور ناک صاف کرنے اور شرمگاہوں کو پاک کرنے کے ساتھ یہ تعلیم دیتی ہے کہ جیسے میں اس ظاہری پاکیزگی کوملحوظ رکھتا ہوں اندرونی صفائی اور پاکیزگی اور سچی طہارت عطا کر اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور سبحانیت، قدوسیت، مجدیت، پھر ربوبیت، رحمانیت، رحیمیت اور اس کے ملک ملک میں تصرفات اور اپنی ذمہ واریوں کو یاد کرکے کہ اس قلب کے ساتھ ماننے کو تیار ہوں، سینہ پر ہاتھ رکھ کر تیرے حضور کھڑا ہوتا ہوں۔ اس قسم کی نماز جب پڑھتا ہے تو پھر اس کی وہ خاصیت اور اثر پیدا ہوتا ہے جو (۔) (النحل:91) میں بیان ہوا ہے۔ پھر پاک کتاب کا کچھ حصہ پڑھے اور رکوع کرے اور غور کرے کہ میری عبودیت اور نیازمندی کی انتہا بجز سجدہ کے اور کوئی نہیں۔ جب اس قسم کی نماز پڑھے تو وہ نیازمندی اور سچائی جب اعضاء اور جوارح پر اپنا اثر کرچکی تو اور جوش مار کر ترقی کرے گی۔

(خطبات نور صفحہ 126)

سب سے پہلا اور مقدم فرض:

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

”سب سے پہلا اور مقدم فرض...... خدا تعالیٰ کی عبادت ہے۔ قرآن کریم نے عبادت کیلئے ہر جگہ اقامۃ صلاۃ کے الفاظ رکھے ہیں۔ جن میں اس طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ اقامۃ الصلوٰۃ کے بغیر درحقیقت کوئی عبادت عبادت نہیں کہلاسکتی جب تک نماز باجماعت ادا نہ کی جائے۔ سوائے اس کے کہ انسان بیمار ہو یا معذور ہو اس وقت تک اس کی نماز اللہ تعالیٰ کے حضور قبول نہیں ہوسکتی۔ (۔) پس دوستوں کا فرض ہے کہ وہ اپنا پورا زور اس بات کیلئے صرف کردیں کہ ہم میں سے ہر شخص نماز باجماعت کا پابند ہو۔

میں نے پہلے بھی چندسال ہوئے جماعت کو اس امر کی طرف توجہ دلائی تھی۔ اور پھر اس پر کچھ عرصہ عمل بھی ہوا۔ مگر پھر سستی واقعہ ہوگئی۔ میں نے کہا تھا کہ جہاں (بیوت الذکر) قریب ہوں۔ وہاں (بیوت) میں نماز باجماعت ادا کی جائے۔ اور جہاں (بیوت) نہ ہوں وہاں جماعت کے دوست محلّہ میں کسی کے گھر پر جمع ہوکر نماز باجماعت پڑھ لیا کریں۔ اور جہاں اس قسم کا انتظام بھی نہ ہوسکے۔ وہاں گھروں میں نماز باجماعت ادا کی جائے۔ اور مرد اپنے بیوی بچوں کو پیچھے کھڑا کر کے جماعت کرالیا کریں۔ آج میں پھر جماعت کو اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہوں۔ خصوصاً عہدیداروں کو۔ انہیں چاہئے کہ وہ ہر ماہ مجھے لکھتے رہا کریں۔ کہ انہوں نے اس بارہ میں کیا کارروائی کی ہے۔

(روزنامہ الفضل 24 جولائی 2001)

عبادت کی دو اقسام:

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر عبادت عمل ہے اور ہر شکل کے عمل عبادت کا ہی پہلو اپنے اندر رکھتے ہیں لیکن عبادات یا اعمال کو دو حصوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ ایک حصہ کو حقوق اللہ اور ایک حصہ کو حقوق العباد کہتے ہیں۔ جب ہم حقوق اللہ کو ادا کررہے ہوتے ہیں تو ان میں ایک حصہ حقوق العباد کا بھی شامل ہوتا ہے۔ مثلاً نماز ہے ہم (۔) میں جاتے ہیں اور نماز باجماعت ادا کرتے ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے جو ہم ادا کررہے ہوتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ حق ہے کہ ہم اس کے مطیع اور فرمانبردار بندے بنتے ہوئے اس کی حمد کریں۔ اس کی بلندی اور عظمت کا اظہار کریں۔ تضرع اور عاجزی سے اس کے سامنے جھکیں۔ غرض نماز ادا کرنا خالصتاً اللہ تعالیٰ کا حق ہے لیکن اس نماز کی ادائیگی میں بھی ہم حقوق العباد ادا کررہے ہوتے ہیں۔ مثلاً نماز میں ہم اپنے لئے اپنے رشتہ داروں کیلئے مجلس اور جماعت کیلئے یا تمام بنی نوع انسان کیلئے دعا کرتے ہیں اور یہ دعا والا حصہ حقوق اللہ میں شامل نہیں کیونکہ اس حصہ میں ہم صرف اس کی حمد نہیں کررہے ہوتے بلکہ حمد کے قیام کیلئے سامان کررہے ہوتے ہیں۔

(مشعل راہ جلد دوم صفحہ 5)

قیام خلافت کا مقصود:

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

خلافت کے قیام کا مدعا توحید کا قیام ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے...... (نور۔56) کہ خلافت کا انعام یعنی آخری پھل تمہیں یہ عطا کیا جائے گا کہ میری عبادت کروگے میرا کوئی شریک نہیں ٹھہراؤ گے۔ کامل توحید کے ساتھ تم میری عبادت کرتے چلے جاؤ گے اور میرے حمد وثنا کے گیت گایا کروگے۔ (خطبات طاہر جلد اول صفحہ 2)

قرآن کریم نے بیان فرمایا ہے کہ نماز کے قیام کا آخری کارخانہ خاندان ہی ہوگا اس کارخانے تک پہنچنے کیلئے اسے بیدار کرنے کیلئے اسے حرکت دینے کے لئے جماعت کی مختلف تنظیمیں قائم ہیں۔ تنظیمیں نسبتاً زیادہ بیدار رہ سکتی ہیں اگر وہ ایک معین پروگرام بنالیں ہر ہفتے یا ہر مہینے میں ایک دفعہ خاص نماز کے موضوع پر غور کرنے کیلئے اکٹھے مل کر بیٹھا کریں گے، ہمیشہ کیلئے مجلس عاملہ کا ایک اجلاس مقرر ہوجائے جس کا موضوع سوائے نماز کے کچھ نہ ہو۔ اس دن لجنہ بھی نماز پر غور کررہی ہو۔ خدام بھی نماز پر غور کررہے ہوں، انصار بھی نماز پر غور کررہے ہوں، سب اپنی اپنی جگہ ہمیشہ کیلئے یہ فیصلہ کرلیں کہ اب ہم نے ہر مہینہ میں کم ازکم ایک مرتبہ ضرور اس موضوع پر بیٹھ کر غور کرنا ہے۔ جہاں حالات ایسے ہیں کہ ہر مہینے اکٹھے نہ ہوسکتے ہوں۔ وہاں دو مہینے میں ایک اجلاس مقرر کرلیں، تین مہینے میں مقرر کرلیں۔

(الفضل 24۔اگست 1989ء)

نماز بروقت اور باجماعت ادا کریں:

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

نماز تو............ کا ایک بنیادی رکن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے صرف نماز پڑھنے اور جیسے تیسے اس کو پڑھنے کا نہیں کہا بلکہ پانچ وقت نماز پڑھنے کا کہا ہے اور باجماعت پڑھنے کیلئے کہا ہے آجکل بعض جگہوں پر کام کرنے کی وجہ سے یہ مسئلہ بعض لوگوں کو رہتا ہے کہ باجماعت نماز کس طرح پڑھیں ایک جگہ پر کام کررہے ہیں اکیلے احمدی ہیں تو کہاں سے اور ڈھونڈیں جو جماعت ہوسکے۔ تو ایسی صورت میں اپنی نماز پڑھ لیں لیکن یہ نہ ہو کہ ظہر عصر کی نمازیں جمع ہورہی ہوں اور مغرب عشاء کی نمازیں جمع ہورہی ہوں۔ کام کے وقت میں اتنا وقفہ ملتا ہے کہ آپ ظہر کی نماز علیحدہ پڑھ سکیں اور عصر کی نماز علیحدہ پڑھیں۔ اور جہاں چند لوگ اکٹھے ہوسکتے ہوں وہاں باجماعت نماز پڑھنے کی بھی کوشش کرنی چاہئے۔ اور اس میں شرمانے والی کوئی بات نہیں ہے بلکہ آپ کا یہ عمل یقیناً دوسروں کو متاثر کرے گا اور وہ آپ کی طرف کھنچے آئیں گے اور دیکھیں گے کہ یہ کس طرح کے لوگ ہیں جو اس دور میں بھی، اپنے کاموں کے دوران بھی اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہیں۔

(مشعل راہ جلد پنجم صفحہ 10)

دائمی قدرت ثانیہ کی بشارت

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی جب تک میں نہ جاؤں۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔ جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے۔ اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔ وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا ہے۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔ میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا ہوں اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں۔ اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔ سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو۔ اور چاہئے کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو اور تمہیں دکھاوے کہ تمہارا خدا ایسا قادر خدا ہے۔ اپنی موت کو قریب سمجھو تم نہیں جانتے کہ کس وقت وہ گھڑی آ جائے گی۔

اور چاہئے کہ جماعت کے بزرگ جو نفس پاک رکھتے ہیں میرے نام پر میرے بعد لوگوں سے بیعت لیں۔

(حاشیہ میں فرماتے ہیں۔

ایسے لوگوں کا انتخاب مومنوں کے اتفاق رائے پر ہوگا۔ پس جس شخص کی نسبت چالیس مومن اتفاق کرینگے وہ اس بات کے لائق ہے کہ میرے نام پر لوگوں سے بیعت لے وہ بیعت لینے کا مجاز ہوگا۔ اور چاہئے کہ وہ اپنے تئیں دوسروں کے لئے نمونہ بناوے۔ خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ میں تیری جماعت کے لئے تیری ہی ذریت سے ایک شخص کو قائم کروں گا اور اس کو اپنے قرب اور وحی سے مخصوص کروں گا اور اس کے ذریعہ سے حق ترقی کرے گا اور بہت سے لوگ سچائی کو قبول کرینگے۔ سو ان دنوں کے منتظر رہو۔ اور تمہیں یاد رہے کہ ہر ایک کی شناخت اس کے وقت میں ہوتی ہے اور قبل از وقت ممکن ہے کہ وہ معمولی انسان دکھائی دے یا بعض دھوکا دینے والے خیالات کی وجہ سے قابل اعتراض ٹھہرے جیسا کہ قبل از وقت ایک کامل انسان بننے والا بھی پیٹ میں صرف ایک نطفہ یا علقہ ہوتا ہے۔)

خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا۔ ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے۔ یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا۔ سو تم اس مقصد کی پیروی کرو۔ مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے اور جب تک کوئی خدا سے روح القدس پا کر کھڑا نہ ہو سب میرے بعد مل کر کام کرو۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 305)

خلافت کا فیضان

خدا کا یہ احسان ہے ہم پہ بھاری
کہ جس نے ہے اپنی یہ نعمت اتاری
نہ مایوس ہونا گھٹن ہو نہ طاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

نبوت کے ہاتھوں جو پودا لگا ہے
خلافت کے سائے میں پھولا پھلا ہے
یہ کرتی ہے اس باغ کی آبیاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

خلافت سے کوئی بھی ٹکر جو لے گا
وہ ذلت کی گہرائی میں جا گرے گا
خدا کی یہ سنت ازل سے ہے جاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

خدا کا ہے وعدہ خلافت رہے گی
یہ نعمت تمہیں تا قیامت ملے گی
مگر شرط اس کی اطاعت گزاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

محبت کے جذبے، وفا کا قرینہ
اخوت کی نعمت، ترقی کا زینہ
خلافت سے ہی برکتیں ہیں یہ ساری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

الٰہی ہمیں تو فراست عطا کر
خلافت سے گہری محبت عطا کر
ہمیں دکھ نہ دے کوئی لغزش ہماری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

صاحبزادی امۃ القدوس

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے فرمودات کی روشنی میں

خلافت کی اہمیت اور برکات

مکرم سلطان احمد پیر کوٹی صاحب

اللہ تعالیٰ کی ہمیشہ سے یہ سنت چلی آرہی ہے کہ جس طرح وہ مخلوق کی ہدایت اور اس کی اصلاح کے لئے مناسب وقت پر اپنے برگزیدہ بندوں میں سے کسی کو نبوت کے مقام پر فائز کر کے اس کے ذریعہ مردہ قوموں میں زندگی کی روح پھونکتا ہے۔ اسی طرح اس کی یہ بھی سنت ہے کہ وہ نبی کی وفات کے بعد اس کے کام کو تکمیل تک پہنچانے اور اس کی حفاظت کے لئے خلافت کا نظام قائم کرتا ہے جو گویا نبوت کا تتمہ ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:۔

مامن نبوۃ قط الا تبعتھا خلافۃ۔

(کنز العمال)

کہ دنیا میں کوئی نبوت ایسی نہیں ہوئی جس کے بعد خدا تعالیٰ نے خلافت کا سلسلہ قائم نہ فرمایا ہو۔

حضرت مسیح موعود کے وصال کے بعد بھی اسی الٰہی سنت کے مطابق خلافت حقہ کا آسمانی نظام قائم ہوا تا آپ کے مقاصد کی تکمیل کی جائے، آپ کے پیغام کی دنیا کے کناروں تک اشاعت کی جائے۔ دین حق کو سربلند کیا جائے۔

حضرت مسیح موعود کا وصال جماعت کے لئے زلزلہ عظیمہ سے کم نہیں تھا۔ جماعت کے افراد کو اس غمناک حادثہ نے دیوانہ کر دیا تھا۔ ان کی دنیا اجڑ گئی تھی۔ ان کی آنکھیں اپنے محبوب کی جدائی میں اشک بار تھیں۔ اکثر لوگ بچوں کی طرح بلک بلک کر رو رہے تھے۔

جماعت کی مخالفت زوروں پر تھی اور لوگ برملا اس بات کا اظہار کر رہے تھے کہ اب جماعت صفحہ ہستی سے مٹ جائے گی۔ اس کا کوئی نام لیوا باقی نہیں رہے گا لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت نے اس موقع پر اپنے بندوں کو اپنی پناہ میں لے لیا۔

اور اس نے قرآنی وعدہ اور مامور زمانہ کی پیشگوئیوں کے مطابق جماعت میں خلافت کو قائم کر دیا۔ اور اسے پھر ایک ہاتھ پر جمع کر دیا۔ تمام لوگوں نے سکھ اور اطمینان کا سانس لیا اور ہر طرف امن اور سکینت کا دور دورہ ہو گیا۔

جماعت میں خلافت کے قیام پر ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ بعض لوگوں نے خلافت کو ختم کرنے یا کم از کم اس کے اختیارات کو کم کرنے کے لئے ریشہ دوانیاں شروع کر دیں۔ انہوں نے جماعت میں انشقاق و افتراق پیدا کرنے کی کوشش کی اور اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے جماعت میں ایک پروپیگنڈا شروع کر دیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے باوجود ضعیف العمری کے اس فتنہ کا خوب ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

آپ نے نہایت پُر شوکت الفاظ میں یہ اعلان کیا کہ خلیفہ گو بظاہر انسانی ووٹوں سے منتخب ہوتا ہے مگر در پردہ خدا تعالیٰ کا ہاتھ کام کر رہا ہوتا ہے۔ وہ مومنوں کے دلوں میں القاء کر کے اسے ایک خاص فرد جماعت کی طرف مائل کر دیتا ہے۔ خلیفہ کسی انجمن، سوسائٹی یا گروپ کا بنایا ہوا نہیں ہوتا کہ جب چاہے اسے معزول کر دیا اور جس طرح چاہے اس کے اختیارات کو محدود کر دیا جائے۔ ہر فرد جماعت کے لئے خلیفہ کی مکمل اطاعت اور فرمانبرداری فرض ہے۔ اس کی نافرمانی اور عدم اطاعت قرآنی وعید فاولئك هم الفاسقون کا مورد بنا دیتی ہے۔ آپ نے پورے عزم اور وثوق کے ساتھ یہ اعلان فرمایا کہ میں خدا تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری نہیں کروں گا اور اس خلعت کو اتارنے کے لئے تیار نہیں ہوں گا اور خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ میری تائید و نصرت کرے گا اور عملاً وہی ہوا جس کا آپ نے اظہار فرمایا تھا یعنی آپ کامیاب و کامران ہوئے۔

گو آپ کا عرصہ خلافت مختصر تھا۔ مگر آپ نے مخالفین خلافت کے تمام حربوں کو ناکام بنا دیا۔ آپ نے کبھی اجمالی طور پر اور کبھی قدرے تفصیل سے خلافت کی برکات اور فوائد کا ذکر فرمایا۔ اگر کوئی شخص آپ کے فرمودات پر غور و تدبر کرے تو بلاشبہ وہ اس مسئلہ کی گہرائیوں تک جا سکتا ہے اور اس کی عظمت و اہمیت اس پر واضح ہو جاتی ہے۔ اس مضمون میں ان میں سے بعض کا ذکر کیا جاتا ہے۔

تمکنت دین

قرآن کریم نے خلافت کی یہ برکت بیان فرمائی ہے کہ اس کے ذریعہ دین کو تمکنت، مضبوطی اور استحکام نصیب ہوتا ہے۔ اس کے ذریعہ امور دینیہ کی انجام دہی کا کام بطریق احسن انجام پاتا ہے۔ انبیاء تو تخم ریزی کر کے دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ خلفاء اس کی آبیاری کرتے ہیں اور انبیاء کا لگایا ہوا پودا تناور ہوتا اور خطرات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ نبی کے وصال کے بعد شریعت پر عمل کرنے میں جو کمزوری پیدا ہو جاتی ہے خلافت اس کو دور کرتی ہے۔ اس کے ذریعہ تمام شکوک وشبہات کا ازالہ کیا جاتا ہے جن کی وجہ سے دین کمزور ہونے کی بجائے اور مضبوط ہو جاتا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول خدا تعالیٰ کے مقرر کردہ خلفاء کی شناخت کی علامات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”ایک تو یہ نشان ہے کہ وہ بھولی بسری متاع جس کو خدائے تعالیٰ پسند کرتا ہے اس سے لوگ آگاہ ہوں اور غلطی سے چونک اٹھیں اور اسے چھوڑ دیں۔ اس کو پورا کرنے کے لئے اس کو ایک طاقت دی جاتی ہے۔ ایک قسم کی بہادری اور نصرت عطا ہوتی ہے۔ اس بات کو قائم کرنے کے لئے جس کے لئے اس کو بھیجا ہے قسم قسم کی نصرتیں ہوتی ہیں۔ کوئی ارادہ اور سچا جوش پیدا نہیں ہوتا جب تک کہ خدا تعالیٰ کی مدد کا ہاتھ ساتھ نہ ہو۔“ (الحکم 3 مارچ 1899ء)

ایک اور موقع پر بیان فرماتے ہیں:۔

”یہ بھی ایک سنت اللہ چلی آتی ہے کہ خلفاء پر مطاعن ہوتے ہیں۔ آدمؑ پر بھی مطاعن کرنے والی خبیث روح کی ذریت بھی اب تک موجود ہے...... مگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان کو تمکنت دیتا ہے اور خوف کو امن سے بدل دیتا ہے۔“

(الحکم 5 مئی 1899ء)

جس دین کو اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے اس میں طاقت پیدا کر دیں گے اور ایسی مقدرت عطا کریں گے جس سے نفوس کا تزکیہ ہو۔

(الحکم 24 جنوری 1904ء)

جناب ابو بکر کے زمانے میں عرب میں ایسی بلا پھیلی تھی کہ سوا مکہ اور مدینہ اور جواثی کے سخت شور اٹھا تھا مکہ والے بھی فرنٹ ہونے لگے مگر وہ بڑی پاک روح تھی جس نے انہیں کہا اسلام لانے میں تم سب سے پیچھے ہو۔ مرتد ہونے میں کیوں پہلے بنتے ہو۔ صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میرے باپ کے اوپر جو پہاڑ گرا وہ کسی اور پر گرتا تو چور ہو جاتا پھر بیس ہزار کی جماعت مدینہ میں موجود تھی اور چونکہ آنحضرت ﷺ حکم دے چکے تھے کہ ایک لشکر روانہ کرنا ہے پس اس کو بھیج دیا۔ ادھر اپنی قوم کا یہ حال تھا مگر آخر خدا نے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھلایا و لیمکنن لھم (-) کا زمانہ آ گیا۔ اس وقت بھی اسی قسم کا زمانہ پیش آیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ دفن ہونے سے پہلے تمہارا کلمہ ایک ہو جائے نبی کریم ﷺ کے بعد ابو بکرؓ کے زمانہ میں صحابہ کرامؓ کو بہت سی مساعی جمیلہ کرنی پڑیں۔ سب سے پہلا کام جو کیا وہ جمع قرآن ہے اب موجودہ صورت میں جمع یہ ہے کہ اس پر عمل درآمد کرنے کی طرف خاص توجہ ہو۔ پھر حضرت ابو بکرؓ نے زکوٰۃ کا انتظام کیا۔ یہ بڑا عظیم الشان کام ہے۔ انتظام زکوٰۃ کے لئے اعلیٰ درجہ کی فرمانبرداری کی ضرورت ہے۔“

(بدر 4 جون 1908ء)

امن کا قیام

دوسری برکت خلافت کی قرآن کریم نے یہ بیان فرمائی ہے کہ خدا تعالیٰ نہ صرف اس کے ذریعہ نبی کی وفات کے بعد پیدا ہونے والے خوف کو دور کر دیتا ہے بلکہ مومنوں کی جماعت کو آئندہ پیدا ہونے والے خوفوں سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ اگر خلافت نہ ہو تو نبی کا مشن ناکام ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بھی خلافت کے اس پہلو پر روشنی ڈالی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

”بڑی بڑی مشکلات آتی ہیں اور ڈرانے والی چیزیں آتی ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ ان سب خوفوں اور خطرات کو امن سے بدل دیتا ہے اور دور کر دیتا ہے۔“

(الحکم 3 مارچ 1899ء)

ان کو مشکلات بھی پیش آئیں گی لیکن اللہ تعالیٰ ان کی پناہ ہو گا۔“ (الحکم 24 جنوری 1904ء)

”ان پر خوف بھی آوے گا لیکن وہ خوف امن سے بدل جاوے گا۔“ (تفسیر سورہ نور)

”جب کسی قسم کی بدامنی پھیلے تو اللہ ان کے لئے امن کی راہیں نکال دیتا ہے۔“

(الفضل 13 نومبر 1913ء)

سیدنا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

”کیسا خوف پیدا ہوا کہ عرب مرتد ہو گئے مگر سب خوف جاتا رہا۔“ (الحکم 3 مارچ 1899ء)

وحدت قومی

تیسری برکت جو حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بیان فرمائی وہ یہ ہے کہ خلافت قومی وحدت کا بڑا ذریعہ ہے کوئی قوم اور کوئی جماعت اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک ایک رنگ کی اس میں وحدت نہ پائی جائے اور خلافت کے بغیر وحدت نہیں ہو سکتی اور وحدت کے بغیر ترقی نہیں ہو سکتی۔

اللہ تعالیٰ نے وحدت قومی پر بڑا زور دیا ہے چنانچہ وہ فرماتا ہے:۔

”تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو اور پراگندہ مت ہو اور اللہ کا احسان جو اس نے تم پر کیا ہے یاد کرو کہ جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ اس نے تمہارے دلوں میں الفت پیدا کی جس کے نتیجہ میں تم اس کے احسان سے بھائی بھائی بن گئے۔“

پھر فرمایا:۔

”تم ان لوگوں کی طرح نہ بنو جو کھلے کھلے نشانات آ چکنے کے بعد پراگندہ ہو گئے اور انہوں نے باہم اختلاف پیدا کر لیا۔ (آل عمران)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بیعت لینے سے قبل فرمایا:۔

”موجودہ حالت میں سوچ لو کیسا وقت ہے جو ہم پر آیا ہے۔ اس وقت مردوں، عورتوں اور بچوں کے لئے ضروری ہے کہ وحدت کے نیچے ہوں۔ اس وحدت کے لئے ان بزرگوں (آپ نے بعض بزرگوں کے نام گنوائے) میں سے کسی کی بیعت کر لو۔ میں

تمہارے ساتھ ہوں۔" (بدر 4 جون 1908ء)

خلافت کے خلاف ریشہ دوانیاں کرنے والوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:۔

"تم شکر کرو کہ ایک شخص کے ذریعہ تمہاری جماعت کا شیرازہ قائم ہے اتفاق بڑی نعمت ہے اور یہ مشکل سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ خدا کا فضل ہے کہ تم کو ایسا شخص دے دیا جو شیرازہ وحدت قائم رکھے جاتا ہے وہ نہ تو نوجوان ہے اور نہ اس کے علوم میں اتنی وسعت جتنی اس زمانہ میں ہونی چاہئے لیکن خدا نے تو موسیٰ کے عصا سے جو بے جان لکڑی تھی اتنا بڑا کام لے لیا تھا کہ فرعونیت کا قلع قمع ہو گیا اور میں تو اللہ کے فضل سے انسان ہوں پس کیا عجب کہ خدا مجھ سے یہ کام لے لے۔ تم اختلاف اور تفرقہ اندازی سے بچو۔ نکتہ چینی میں حد سے بڑھ جانا بڑا خطرناک ہے۔ اللہ سے ڈرو۔ اللہ کی توفیق سے سب کچھ ہوگا۔"

(بدر 24/ اگست 1911ء)

"تم ادب سیکھو کیونکہ یہی تمہارے لئے بابرکت راہ ہے۔ تم اس حبل اللہ کو آپ مضبوط پکڑ لو۔ یہ بھی خدا ہی کی رسی ہے جس نے تمہارے متفرق اجزاء کو اکٹھا کر دیا ہے۔ پس اسے مضبوط پکڑے رکھو۔"

(بدر یکم فروری 1912ء)

ایک اور موقع پر فرمایا:۔

"تم کو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہمارے بادشاہ حضرت مسیح موعود کے ذریعہ …… ایک کیا۔ پھر اس کے مرنے کے بعد میرے ہاتھ پر تم کو تفرقہ سے بچایا۔ اس نعمت کی قدر کرو اور نکمی بحثوں میں مت پڑو۔" (بدر 4 جولائی 1912ء)

قوت و طاقت

چوتھی برکت خلافت کی یہ ہے کہ اس کے ذریعہ قومی طاقت یکجا ہو جاتی ہے اس کی انرجی منتشر ہونے سے محفوظ رہتی ہے اور تھوڑی سی طاقت سے بہت سے کام نکل آتے ہیں کیونکہ طاقت کا کوئی حصہ ضائع نہیں ہوتا۔ اگر خلافت نہ ہوتی تو بعض کاموں پر زیادہ طاقت خرچ ہو جاتی اور بعض کام توجہ کے بغیر رہ جاتے۔ پس خلافت کے ذریعہ قوم ترقی کی راہوں پر گامزن ہو جاتی ہے اور ناکامی اور نامرادی سے محفوظ رہتی ہے۔ دین حق کی ترقی اور عروج کا دور دراصل وہی تھا جب ان کی زندگی پر اجتماع اور ائتلاف کی رحمت طاری تھی اور جب اجتماع اور ائتلاف کی جگہ تشتت اور افتراق نے لی تو دینی نظام درہم برہم ہو گیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول ایک موقع پر "خلفاء خدا ہی بناتا ہے" کا نکتہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"جناب الٰہی کا انتخاب بھی ایک انسان ہی ہوتا ہے۔ اس کو کوئی ناکامی پیش نہیں آتی۔ وہ جدھر منہ اٹھاتا ہے ادھر ہی اس کے واسطے کامیابی کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور وہ فضل، شفا، نور اور رحمت کہلاتا ہے۔" (الحکم 10 فروری 1901ء)

خلافت کے خلاف ریشہ دوانیاں کرنے والوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:۔

"تم کان کھول کر سنو۔ اگر اب اس معاہدہ (بیعت خلافت) کے خلاف کرو گے تو اعقبھم …… کا مصداق بنو گے …… تم معاہدہ کا حق پورا کرو پھر دیکھو کس قدر ترقی کرتے ہو اور کیسے کامیاب ہوتے ہو۔"

(بدر 21/ اکتوبر 1909ء)

پودے سے درخت

خلافت کی پانچویں برکت یہ ہے کہ انبیاء بشر ہونے کی وجہ سے بہر حال موت اور فنا سے محفوظ نہیں ہوتے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے ماتحت ایک عرصہ زندہ رہ کر دنیا میں اپنے مشن کے قیام کے سلسلہ میں ابتدائی کام کرتے ہیں اور پھر اپنے مولا کے حضور حاضر ہو جاتے ہیں۔ اگر ان کے مشن کو جاری رکھنے کا کوئی انتظام نہ ہو تو پھر ان کی لائی ہوئی تعلیم کی اشاعت تھوڑے ہی عرصہ بعد رک جائے گی اور یہ امر خدا تعالیٰ کو پسند نہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے نبوت کی روحانی روشنی کو دور تک پہنچانے اور دیر تک قائم رکھنے کے لئے خلافت کو قائم کیا ہے۔ انبیاء تخم ریزی کرتے ہیں اور خلفاء اسی تخم کی نگہداشت اور آبیاری کرتے ہیں اس لئے وہ تخم پودا بنتا ہے پھر درخت بنتا ہے اور پھر اس کی شاخیں دور دور تک پھیل جاتی ہیں۔ خلافت ایک ریفلیکٹر ہے جو نور نبوت کو دور دور تک پھیلا دیتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے ایک موقع پر "قدرت ثانیہ سے کیا مراد ہے؟" کا جواب دیتے ہوئے اس نکتہ کی طرف اشارہ فرمایا تھا۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"جب کسی قوم کا مورث اول اپنا کام پورا کرتا ہے تو اس کے کام کے سرانجام دینے کے واسطے قدرت کا ہاتھ نمودار ہوتا ہے جیسا کہ قرآن شریف میں آیا ہے الیوم اکملت (-) اس کا ظہور رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں ہو گیا مگر آپؐ کے بعد آپؐ کے خلفاء تو اب مجددین کے وقت میں بھی ہوتا رہا۔ وہ سب قدرت ثانیہ تھے۔ قدرت ثانیہ کی حد بندی نہیں ہو سکتی۔ جب کوئی قوم کسی قدر کمزور ہو جاتی ہے تب بھی اللہ تعالیٰ اپنی مصلحت سے اس کی طاقت کو پورا کرنے کے واسطے قدرت ثانیہ بھیجتا رہتا ہے۔"

(بدر 22 مئی 1913ء)

عظمت و شان خلافت

حضرت مصلح موعود کے دو رویا

☆12 ستمبر 37ء کو فرمایا: گزشتہ اتوار کی رات میں نے ایک عجیب رویا دیکھا کہ ایک بڑا جلسہ گاہ ہے مگر اس رنگ کا نہیں جیسا کہ ہمارا جلسہ گاہ ہوا کرتا ہے بلکہ جیسا کہ تاریخوں میں ہم پڑھتے ہیں کہ روم میں بڑے بڑے قومی اجتماعوں کے لئے ایمفی تھیٹر بنائے جایا کرتے تھے اس رنگ کا وہ جلسہ گاہ ہے یعنی جو خطیب ہے اس کے سامنے مربع یا مستطیل شکل میں جلسہ گاہ نہیں بلکہ ہلالی رنگ میں ہے جس طرح گھوڑے کا نعل بیچ میں سے خالی ہوتا اور قریباً نصف دائرہ یا اس سے کچھ زیادہ بنتا ہے اسی طرح ایک وسیع میدان میں جو نصف میل یا میل کے قریب ہے اسی طرح بنچ لگے ہوئے ہیں جس طرح پہلے دن کا چاند ہوتا ہے ایک گول دائرہ ہے جو دور فاصلہ سے شروع ہو کر دونوں کناروں سے آگے بڑھنا شروع ہوتا ہے اور جس طرح چاند کی ایک طرف خالی نظر آتی ہے اسی طرح ایک طرف اس دائرہ کی خالی ہے اور وہاں لیکچرار یا خطیب کی جگہ خالی ہے اس وسیع میدان میں کہ لوگوں کی شکلیں بھی اچھی طرح پہچانی نہیں جا سکتیں بہت سے لوگ لیکچر سننے کے لئے بیٹھے ہیں اور جو درمیانی جگہ خطیب کی ہے جہاں چاند کے دونوں کونے ایک دوسرے کے قریب ہو جاتے ہیں وہاں میں کھڑا ہوں اور اس وسیع مجمع کے سامنے ایک تقریر کر رہا ہوں وہ تقریر الوہیت، نبوت اور خلافت کے متعلق اور اس کے باہمی تعلقات کی نسبت ہے گو یوں بھی میری آواز خدا تعالیٰ کے فضل سے جب صحت ہو تو بہت بلند ہوتی ہے اور دور دور سنائی دیتی ہے لیکن وہ دائرہ اتنا وسیع ہے کہ میں سمجھتا ہوں مجھ سے دگنی آواز والا شخص بھی اپنی آواز ان لوگوں تک نہیں پہنچا سکتا مگر رویا میں میری آواز اتنی بلند ہو جاتی ہے کہ میں محسوس کرتا ہوں کہ اس وسیع دائرہ کے تمام سروں تک میری آواز پہنچ رہی ہے اس ضمن میں مختلف آیات قرآنیہ سے اپنے مضمون کو واضح کرتا ہوں اور بعض دفعہ تقریر کرتے کرتے میری آواز اتنی بلند ہو جاتی ہے کہ یوں معلوم ہوتا ہے وہ دنیا کے سروں تک پہنچ رہی ہے جب میں اپنی تقریر کے آخری حصہ تک پہنچتا ہوں تو اس وقت میری حالت اس قسم کی ہو جاتی ہے جس طرح کوئی شخص جذب کی حالت میں آ جاتا ہے میں نے اس وقت الوہیت، نبوت اور خلافت کے متعلق ایک مثال بیان کر کے اپنے لیکچر کو ختم کیا۔ اور اس وقت میری آواز میں ایسا جلال پیدا ہو گیا کہ اس کے اثر سے میری آنکھ کھل گئی ہے مجھے صرف وہ مثال ہی یاد رہ گئی ہے باقی مضمون بھول گیا ہے وہ مثال میں نے رویا میں یہ دی تھی کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے انبیاء اور اس کے خلفاء کے تعلق کی مثال چوکھٹے میں لگے ہوئے آئینہ کی ہوتی ہے آئینہ کا کام تو درحقیقت درمیانی شیشہ دیتا ہے مگر اس شیشہ کے ساتھ کچھ اور چیزیں بھی لگی ہوئی ہوتی ہیں جیسے آئینہ کے پیچھے قلعی ہوتی ہے اور اس کے اردگرد چوکھٹا ہوتا ہے لیکن دراصل جو چیز ہماری شکل ہمیں دکھاتی ہے اور جو چیز ہمارے عیب اور صواب کے متعلق ہماری راہ نمائی کرتی ہے وہ آئینہ ہی ہے نہ وہ قلعی جو اس کے پیچھے لگی ہوئی ہوتی ہے وہ اپنی ذات میں شکل دکھا سکتی ہے اور نہ وہ چوکھٹا جو اس کے اردگرد لگا ہوا ہے وہ ہمارے عیب اور صواب کے متعلق ہمیں کوئی ہدایت دے سکتا ہے لیکن آئینہ بھی عیب اور صواب ہمیں تبھی بتاتا ہے جب اس کے پیچھے قلعی کھڑی ہو اور وہ محفوظ بھی اس وقت تک رہتا ہے جب تک وہ چوکھٹے میں لگا رہتا ہے چنانچہ چوکھٹوں میں لگے ہوئے آئینے لوگ اپنی میزوں پر رکھ لیتے ہیں۔ اپنی دیواروں پر لٹکا لیتے ہیں اور اس طرح وہ ٹوٹنے سے محفوظ رہتے ہیں مگر جب ہم اس کے چوکھٹے کو اتار دیں اور اس کی قلعی کو کھرچ دیں تو آئینہ بلحاظ روشنی کے تو آئینہ ہی رہتا ہے مگر پھر وہ ہماری شکل ہمیں نہیں دکھاتا اور اگر دکھاتا ہے تو نہایت دھندلی سی جیسے مثلاً (یہ مثال میں نے رویا میں نہیں دی صرف سمجھانے کے لئے بیان کر رہا ہوں) دروازوں میں وہی شیشے لگے ہوئے ہوتے ہیں کھڑکیوں میں بھی وہی شیشے لگے ہوئے ہوتے ہیں جو آئینوں میں ہوتے ہیں مگر ان میں سے شکل نظر نہیں آ سکتی کیونکہ ان کے پیچھے قلعی نہیں لگی ہوتی اسی طرح جن شیشوں کے چوکھٹے اتر جاتے ہیں رویا میں ہی میں کہتا ہوں کہ ان شیشوں کا محفوظ رکھنا مشکل ہوتا ہے اور وہ ٹوٹ جاتے ہیں تو آئینہ اپنے اندرونی جوہر ظاہر کرنے کے لئے ایک ایسی چیز کے آگے کھڑا ہوتا ہے جو اپنی ذات میں تو چہرہ دکھانے والی نہیں مگر جب وہ آئینہ سے مل جاتی ہے تو آئینہ میں شکل نظر آنے لگ جاتی ہے اور وہ قلعی ہے اسی طرح اس کا چوکھٹا اسے محفوظ رکھتا ہے تو میں رویا میں یہ مثال دے کر کہتا ہوں کہ دیکھو اللہ تعالیٰ کی مثال ایک آئینہ کی سی ہے اور انسان کی پیدائش کا اصل مقصد اس کو حاصل کرنا ہے وہی ہے جو ہمیں علم دیتا ہے وہی ہے لیکن وہ اپنی قدیم سنت کے مطابق اس وقت تک دنیا کو عیب اور صواب سے آگاہی نہیں بخشتا جب تک اس کے پیچھے قلعی نہیں کھڑی کی جاتی جو نبوت کی قلعی ہے یعنی وہ ہمیشہ اپنے وجود کو نبیوں کے ہاتھ سے پیش کرواتا ہے جب نبی اپنے ہاتھ میں لے کر خدا تعالیٰ کے وجود کو پیش کرتا ہے تبھی دنیا اس کو دیکھ سکتی ہے ورنہ نبوت کے بغیر خدا تعالیٰ کی ہستی اتنی مخفی اور اتنی وراء الوریٰ ہوتی ہے کہ انسان صحیح اور یقینی طور پر اس کا اندازہ ہی نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ آسمانوں میں بھی ہے اللہ تعالیٰ زمینوں میں بھی ہے اللہ تعالیٰ دریاؤں میں بھی ہے اللہ تعالیٰ پہاڑوں میں بھی ہے اللہ تعالیٰ سمندروں میں بھی ہے اللہ تعالیٰ خشکیوں میں بھی ہے غرض ہر ایک ذرہ ذرہ سے اس کا جلال ظاہر ہو رہا ہے مگر باوجود اس کے کہ دنیا کے ذرہ ذرہ میں اس کا جلال پایا جاتا ہے بغیر انبیاء کے دنیا نے کب اس کو دیکھا انبیاء ہی ہیں جو خدا تعالیٰ کا وجود دنیا پر ظاہر کرتے ہیں لیکن انبیاء خدا تعالیٰ کو بناتے

(باقی صفحہ 13 پر)

نظام وصیت کا نظام خلافت سے گہرا تعلق ہے

ان دونوں کا مقصد خدا تعالیٰ اور اس کی مخلوق سے سچا رشتہ استوار کرنا ہے

محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب

نظام وصیت اور 1905ء کے سال میں باہم گہرا رشتہ اور تاریخی اتحاد ہے۔ لیکن دراصل 1905ء کی تاریخی اہمیت صرف وصیت کے باعث ہی نہیں بلکہ بہت سے دیگر اور اہم پہلو بھی ہیں۔

1905ء سے قبل ہی لیکن 1905ء کے سال میں خصوصیت سے سیدنا حضرت مسیح موعود کو اپنی وفات کے قریب ہونے کے بارہ میں الہامات کثرت سے ہو رہے تھے۔ جن سے ایک طرف حضور خود اور دوسری طرف اعزاء اور جماعت کے مخلصین سخت فکر مند تھے کہ حضور کی رحلت کے بعد جماعت کا مستقبل کیسا اور کیونکر محفوظ ہوگا۔ چنانچہ اس بارہ میں جو کچھ خدا تعالیٰ کی طرف سے آپ کی راہنمائی اور اطمینان قلبی کے سامان کئے گئے ان میں سب سے اہم، بابرکت اور مستقبل کے لحاظ سے ہر طرح کی اصلاح اور فلاح کا گویا ضامن نظام خدا تعالیٰ کی طرف سے آپ پر عیاں کیا گیا۔ جس کے تحت آپ نے ''رسالہ الوصیت'' تحریر فرمایا۔ اور اس میں الٰہی انکشافات کی روشنی میں آپ نے یہ عظیم الشان حقیقت واضح فرمائی کہ خدا تعالیٰ کے مامورین کا یہ منشاء ہوتا ہے۔ کہ ''خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کر سکے اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کر دیتا ہے۔ لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا۔ بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن اور تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔

غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے (1) اول خود (-) کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے (2) دوسرے ایسے وقت میں جب (-) کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آ جاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 304)

پھر بڑی تحدّی اور الٰہی انکشاف کے تحت فرماتے ہیں:

''سو اے عزیزو! جب کہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا وے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو۔ اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں۔ کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی۔ جب تک میں نہ جاؤں لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے..................''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 305)

پس 1905ء کا مبارک سال جہاں غم اور بھاری صدمے کے آثار لئے ہوئے تھا۔ وہاں قدرت ثانیہ کی عظیم بشارت بھی اپنے جلو میں لئے ہوئے تھا۔ ہاں وہی قدرت ثانیہ جس کا سلسلہ قیامت تک انشاء اللہ تعالیٰ منقطع نہیں ہوگا۔ اور اس بشارت ربانی کا اظہار و اعلان عام ہونے پر اب ایک صدی پوری ہونے کو ہے۔ اور قدرت ثانیہ کے پانچویں مظہر بفضلہٖ تعالیٰ اس وقت عالمگیر جماعت احمدیہ کی سرپرستی اور راہنمائی فرما رہے ہیں۔ اور دعا کرنی چاہئے کہ خدا تعالیٰ کی قدرت ثانیہ کے اس پانچویں مظہر کے مبارک عہد میں پوری صدی کے بعد آنے والا سال 2005ء نئی بشارتوں، عالمگیر فتوحات اور اعجازی قدرتوں والا سال ثابت ہو۔ آمین

پس دعاؤں کے ایک لمبے دور میں سے گزر کر اور حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بے مثل بجا آوری کے بعد الہامات الٰہیہ کی روشنی میں آپ نے یہ عظیم الشان پیش خبری تحریر فرمائی کہ قدرت اولیٰ کے بعد خدا تعالیٰ قدرت ثانیہ کا اجراء فرمائے گا۔ جو قیامت تک تمہارے ساتھ رہے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ بفضل خدا تعالیٰ۔

1905ء کے سال کا دوسرا تاریخی پہلو اجمالاً سیدنا حضرت مسیح موعود کے قلم مبارک سے ''رسالہ الوصیت'' میں یہ ریکارڈ ہے کہ اس سال میں سیدنا حضرت مسیح موعود کے نہایت فدائی، مقرب و جاں نثار خادم وفات پا گئے یعنی کہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی اندوہناک وفات 11/اکتوبر 1905ء کو ہوئی۔ بہشتی مقبرہ قادیان میں آپ کی قبر سب سے پہلی قبر ہے۔ آپ کی قبر پر سیدنا حضرت مسیح موعود کی ایک فارسی زبان میں نظم کتبہ پر درج ہے۔ جو کندہ کروا کے لگائی گئی۔ اس فارسی نظم کے چند اشعار کا ترجمہ ذیل میں ملاحظہ ہو:

مولوی عبدالکریم مرحوم کی خوبیاں کس طرح بیان کی جائیں وہ عبدالکریم جس نے دین کے راستہ میں شجاعت اور بہادری کے ساتھ لڑتے ہوئے جان دی ہے وہ دین کا ایک زبردست پہلوان تھا۔ جس کا نام خود خدا نے اپنے ایک الہام میں...... کالیڈر رکھا ہے وہ حق کے اسرار کا راز دار تھا۔ اور دینی معارف کا خزانہ تھا اگرچہ اس آسمان کے نیچے بڑے بڑے نیک لوگ پیدا ہوئے ہیں۔ مگر اس آب و تاب کا موتی کم دیکھنے میں آیا ہے۔ اس قسم کے یک رنگ دوست کی جدائی سے دل میں درد اٹھتا ہے لیکن ہم اپنے خدا کے فعل پر ہر حال میں راضی و شاکر ہیں۔

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی وفات کا صدمہ ابھی تازہ ہی تھا کہ 3 دسمبر 1905ء کو جماعت کے ایک اور بزرگ اور حضرت مسیح موعود کے نہایت دیرینہ خادم اور صوفیانہ طبیعت رکھنے والے حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی وفات پا گئے۔ آپ کو سیدنا حضرت مسیح موعود سے پہلی ملاقات کا شرف ہوشیار پور میں حاصل ہوا جبکہ حضور چلہ کشی کے پروگرام سے ہوشیار پور تشریف لے گئے ہوئے تھے۔ حضرت مولوی برہان الدین صاحب کہلاتے جہلمی تھے۔ لیکن آپ کا پیدائشی وطن کھاریاں (ضلع گجرات) کے قریب ایک گاؤں تھا جس کا نام ''بوریانوالی'' ہے۔ بعد میں جہلم منتقل ہوئے اور وہیں وفات پائی۔ اس لئے جہلمی کہلاتے تھے۔

ان دونوں بزرگوں کی وفات سے جماعت میں بڑا خلا محسوس ہونے لگا اور الہامی زبان میں یہ دو بڑے شہتیر تھے جو ٹوٹ گئے اور ان کی وفات سے تھوڑا عرصہ قبل سیدنا حضرت مسیح موعود کو الہام بھی ہوا تھا۔ ''دو شہتیر ٹوٹ گئے..........'' ان دونوں بزرگوں کی وفات سے دو طرح کا خلا پیدا ہوا:-

(الف) علمی میدان میں دونوں بزرگوں کی بڑی اہمیت تھی اور دینی علم کے میدان میں بلند مقام رکھتے تھے۔

(ب) باعمل برگزیدہ اور خدا تعالیٰ سے خاص تعلق اور قرب کا مقام رکھنے والے وجود تھے اور ان کی وفات سے جماعت میں بزرگوں کا گویا خلا پیدا ہوا۔

سیدنا حضرت مسیح موعود نے بڑی دعاؤں کے بعد جماعت میں ذی علم وجودوں کی فراہمی کے لئے مدرسہ احمدیہ کی بنیاد رکھنے کا اعلان دسمبر 1905ء کے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر فرمایا۔ اس مدرسہ کے ذریعہ دینی علم رکھنے والے، قرآن و حدیث کے علم میں نمایاں اور امتیازی مقام رکھنے والے علماء کی تیاری کا منصوبہ تھا۔

نیز اعلیٰ علم کے ساتھ ساتھ روحانی اعتبار سے بھی ماحول میں امتیازی رنگ رکھنے والے مخلصین کی تیاری مقصود تھی۔ ان دونوں علمی اور عملی فضیلتوں کے حصول کی خاطر احباب جماعت کے لئے دو نظام جاری فرمائے۔ ایک مدرسہ احمدیہ کا نظام اور دوسرا وصیت کا نظام قائم فرمایا۔ تا کہ جماعت کی مستقبل میں سامنے آنے والی بھاری ذمہ داریوں اور ضرورتوں کے لئے دونوں پلڑے برابر ترقی پذیر رہیں۔ چنانچہ سیدنا حضرت مسیح موعود وصیت کے نظام کے تحت فراہم ہونے والے اموال کے مصرف پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:

''یہ مالی آمدنی ایک بادیانت اور اہل علم انجمن کے سپرد رہے گی اور وہ باہمی مشورہ سے ترقی (-) اور اشاعت علم قرآن و کتب دینیہ اور اس سلسلہ کے واعظوں کے لئے حسب ہدایت مذکورہ بالا خرچ کریں گے۔ اور خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اس سلسلہ کو ترقی دے گا۔ اس لئے امید کی جاتی ہے کہ اشاعت (-) کے لئے ایسے مال بھی بہت اکٹھے ہو جائیں گے اور ہر ایک امر جو مصالح اشاعت (-) میں داخل ہے۔ جس کی اب تفصیل کرنا قبل از وقت ہے وہ تمام امور ان اموال سے انجام پذیر ہوں گے''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 319)

پس 1905ء کا تاریخی سال اپنے جلو میں دو خاص مقاصد کو لئے ہوئے تھا۔ اول ذی علم و معرفت علماء کی تیاری جس کے لئے مدرسہ احمدیہ کی بنیاد رکھنے کا فیصلہ فرمایا۔ اور دوسرے یہ کہ روحانی اعتبار سے بزرگ وجودوں کی تیاری و فراہمی اور اس کے لئے وصیت کا نظام جاری فرمایا اور ایسی شرائط معین کر دیں کہ دینی اور روحانی اعتبار سے مخلص، باعمل افراد کی تیاری کا عظیم مقصد پورا ہوتا رہے اور عمومی نصائح و ہدایات کے علاوہ نظام وصیت میں تیسری شرط یہ رکھی کہ وصیت کے تحت ضروری ہوگا کہ:

''اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو۔ سچا اور صاف (-) ہو۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 320)

اس شرط کی اہمیت کو خوب واضح کرنے اور دینی عملی تقاضوں کو خاص وزن دینے کے لئے مزید ایک شرط بیان فرما دی تا کہ کسی شخص کے ذہن میں یہ ہلکا سا تصور بھی نہ آنے پائے کہ وصیت کا منصوبہ کسی دنیوی مقصد اور حصول زر کے لئے جاری کیا گیا ہے۔ بلکہ اس کی اصل روح اور بنیادی مقصد محض تقویٰ شعار گروہ کی تیاری اور ترقی اصل مقصد ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

''ہر ایک صالح جو اس کی کوئی بھی جائیداد نہیں اور کوئی مالی خدمت نہیں کر سکتا۔ اگر یہ ثابت ہو کہ وہ دین کے لئے اپنی زندگی وقف رکھتا تھا۔ اور صالح تھا تو وہ اس قبرستان میں دفن ہو سکتا ہے''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 320)

پس وصیت کی سب سے مقدم روح جماعت کے اندر باعمل، تقویٰ شعار اور للّٰہی زندگی گزارنے والے افراد کی افزائش ہے۔ اور اس کے لئے آئیڈیل مثال حضرت مولوی عبدالکریم اور حضرت مولوی برہان الدین کی، جماعت میں محفوظ ہے۔ ان کے نقش قدم پر چل کر ایک موصی اپنی وصیت کو حقیقی رنگ دے سکتا ہے۔ اور اس طرح 1905ء کا سال تین نئے نظام لایا۔ اول: قدرت ثانیہ کا نظام، دوم: سلسلہ میں ذی علم کھیپ کی تیاری کے لئے مدرسہ احمدیہ کا نظام، سوئم: علمی شخصیتوں کو اعلیٰ عملی قدروں کی بلندی کی طرف لے جانے والا وصیت کا نظام۔ گویا نور علیٰ نور کی روح کو تابندہ کرنے والا یہ نظام اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا:

نظام وصیت میں شمولیت کی جو شرائط دینی اور تقویٰ و تعلق باللہ کی اوپر بیان کی گئی ہیں۔ ان کا ظاہری دائرہ تعلق باللہ ہی ہے۔ لیکن یہ ممکن نہیں ہوا کرتا۔ کہ ایک شخص خدا تعالیٰ سے تو قربت کا دعویٰ اور تعلق رکھتا ہو۔ لیکن خدا تعالیٰ کی مخلوق سے دور، بے تعلق اور حقوق العباد سے غافل ہو۔ بلکہ اللہ تعالیٰ ایسے وجودوں کے فیض کے چشمے کئی رنگ اور کئی طریقوں سے جاری فرما دیا کرتا ہے تا کہ ایک طرف اگر ان خدا کے فدائی اور عاجز بندوں کی محبت خدا تعالیٰ سے ظاہر ہو۔ تو اسی خدا کی مخلوق کی خدمت بھی خدا تعالیٰ سے ان کی محبت کا منہ بولتا ثبوت ٹھہرے۔ اور خدا کی مخلوق ان کے فیض سے فیضیاب ہو۔ پس نظام وصیت کے تحت ایک طرف موصی کا اٹوٹ رشتہ اپنے خالق و مالک خداوند سے ہے۔ تو دوسری طرف خدا تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت، بھلائی، اور بہبودی کے لئے وہ اپنے عزیز مال اور جائیداد کو پیش کرتے ہیں اور اس کے دو نتیجے سامنے آتے ہیں۔ اول مخلوق خدا کی خدمت اور دوسرے مال کو قربان کر کے خدا تعالیٰ کی محبت کو ترجیح دینے کا کردار۔ کیونکہ جس قدر انسان دنیا میں خدا تعالیٰ سے دور ہٹتے ہیں وہ مال ہی کی اندھی محبت کے مارے ہوئے ہوتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے قائم فرمودہ نظام وصیت میں ایک طرف موصی تقویٰ اور تعلق باللہ کو مقدم ٹھہراتا ہے اور دوسری جانب خدا تعالیٰ کی محبت سے دور لے جانے والے مال کو ٹھکراتا ہے۔ اور نہ صرف اپنی زندگی میں بلکہ بعد وفات بھی مالی قربانی کا جذبہ اس کا ٹھنڈا نہیں پڑتا۔ اور ترکہ میں سے بھی اپنی مالی قربانی کی وصیت کرتا ہے اور اپنے ورثاء کو یہ سبق بھی عملاً دے جاتا ہے۔ کہ وہی مال مفید اور بابرکت ہوتا ہے جو خدا کی محبت میں اس کی مخلوق کی بھلائی کے لئے خرچ ہو۔ اور نہ صرف زندگی میں بلکہ بعد وفات بھی قربانی کا عمل جاری رہے۔ پس 1905ء کے سال کا ایک نظام مالی قربانی کا ہے تا کہ دنیا کی اور خصوصیت سے مال کی محبت کو موصی پوری طرح تیاگ دے۔ جس کا ایک طریق یہ ہے کہ زندگی بھر اپنی آمدن کا ایک مخصوص حصہ باقاعدگی سے جماعتی نظام کو پیش کرتا رہے۔ اور بعد وفات اپنے ترکہ میں سے بھی حسب شرح وصیت اس کی مالی قربانی کا فیض فوراً بند نہ ہو جائے۔

وصیت کے مالی نظام کو جاری ہونے پر اب صدی پوری ہونے والی ہے موصیوں کی تعداد مسلسل ایک صدی سے بڑھتی چلی آ رہی ہے اور دنیا کے گوشے گوشے میں ایسے فدائیت کے پیکر موصی موجود ہیں جو ایک طرف نظام وصیت کے دینی اور مالی پہلوؤں پر عمل کرنے والے ہیں تو دوسری اپنی قربانیوں سے مخلوق خدا کی خدمت و محبت کا حق ادا کر رہے ہیں۔ اور ہر روز ان کی تعداد اور قربانی میں اضافہ پہ اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اور انسانی تاریخ میں کوئی ایسی مثال نہیں کہ کبھی خدا کی رضا کے حصول کے لئے ایک طرف عملی کردار کو خالصتہً دینی رنگ میں رنگین کیا گیا ہو اور اس کے ساتھ ساتھ مالی قربانی اتنے تسلسل اور اتنی باقاعدگی سے اور ہر روز اس میں اضافہ کی روح کو تابندہ رکھا گیا ہو۔ ایک صدی پوری ہو رہی ہے اور نظام وصیت کے یہ دونوں پہلو ہر آن ترقی اور استحکام سے مزین ہیں۔ پس 1905ء کے سال کا یہ چوتھا مبارک نظام ہے۔

1905ء کے سال میں ایک اور بابرکت نظام بھی ایک عدیم المثال نظام ہے۔ جس کو سیدنا حضرت مسیح موعود نے خدا تعالیٰ کی طرف سے بار بار کی رویا، کشوف اور الہامات وراہنمائی کے بعد جاری فرمایا اور وہ بہشتی مقبرہ کا قیام ہے۔ اس بارے میں حضور تحریر فرماتے ہیں:

''مجھے ایک جگہ دکھلا دی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہو گی ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے۔ تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے۔ پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی۔ تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے اور ایک جگہ مجھے دکھائی گئی۔ اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔ تب سے ہمیشہ مجھے یہ فکر رہی کہ جماعت کے لئے ایک قطعہ زمین قبرستان کی غرض سے خریدا جائے.......... اب اخویم مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کی وفات کے بعد جب کہ میری وفات کی نسبت بھی متواتر وحی الٰہی ہوئی میں نے مناسب سمجھا کہ قبرستان کا جلدی انتظام کیا جائے۔ اس لئے میں نے اپنی ملکیت کی زمین جو ہمارے باغ کے قریب ہے۔ جس کی قیمت ہزار روپے سے کم نہیں اس کام کے لئے تجویز کی.................''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 316)

اس طرح بہشتی مقبرہ کا قیام عمل میں آیا۔ تا کہ خدا تعالیٰ کے وہ عاجز اور فرمانبردار بندے جنہوں نے خدا کی محبت کو مقدم رکھا اور زندگی بھر وفاداری کا عمدہ نمونہ قائم کیا۔ اور خدا کی مخلوق کی بھلائی اور خدمت کے لئے مال کی قربانی تادم واپسیں پیش کرتے رہے۔ وہ بعد از وفات:

(الف) ایسی جگہ دفن ہوں جو الٰہی بشارتوں کی مورد و مصداق ہو۔

(ب) ایسے مخلصین ایک ہی جگہ دفن ہوں۔ جس طرح دنیا میں ایک خاص طبقہ کے وہ افراد تھے۔ بعد وفات بھی اسی طبقہ میں مجتمع ہوں۔

(ج) تا کہ ان کی قربانیوں اور عمدہ نمونہ سے بعد والی نسلیں یکجائی طور پر انہیں پائیں۔ تو سبق حاصل کریں۔

(د) تا کہ دنیا بھر سے زیارت مرکز کے لئے آنے والے مخلصین جب انہیں ایک ہی جگہ پائیں۔ تو بے اختیار ان سب کے لئے دعائیں کرے۔

(ھ) جب دنیا کے گوشہ گوشہ سے آنے والے مخلصین اپنے پیشرو فدائیان سلسلہ کے لئے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائینگے۔ بلاشبہ رحیم و کریم خدا دعا کے لئے اتنے اٹھنے والے ہاتھوں کی ضرور لاج رکھے گا۔

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

'' واضح ہو کہ خدا تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ ایسے کامل الایمان ایک ہی جگہ دفن ہوں، تا آئندہ کی نسلیں ایک ہی جگہ ان کو دیکھ کر اپنا ایمان تازہ کریں۔ اور تا ان کے کارنامے یعنی جو خدا کے لئے انہوں نے دینی کام کئے۔ ہمیشہ کے لئے قوم پر ظاہر ہوں''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 321)

پس یہ دنیا بھر میں منفرد نظام ہے۔ جس کے تحت زندگی بھر وفا اور جاں نثاری کی ڈگر پر رواں رہنے والے خوش نصیب بعد وفات بھی اکٹھے اور یکجا ہوں گے اور دنیا بھر سے آنے والوں کی محبت بھری دعاؤں کی ٹھنڈی ہوائیں انہیں پہنچتی رہیں گی اور وہ بعد وفات بھی ایک عمدہ نمونہ اور مخلصانہ اسوہ کا ذریعہ بنے رہینگے۔

یہاں اس شبہ کا ازالہ بھی سیدنا حضرت مسیح موعود کے الفاظ میں کر دینا مناسب ہو گا کہ تا کسی کو غلط فہمی نہ رہے۔ حضور فرماتے ہیں:

''کوئی نادان اس قبرستان اور اس کے انتظام کو بدعت میں داخل نہ سمجھے کیونکہ یہ انتظام حسب وحی الٰہی ہے اور انسان کا اس میں دخل نہیں اور کوئی یہ خیال نہ کرے کہ صرف اس قبرستان میں داخل ہونے سے کوئی بہشتی کیونکر ہو سکتا ہے کیونکہ یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ زمین کسی کو بہشتی کر دے گی بلکہ خدا کے کلام کا یہ مطلب ہے کہ صرف بہشتی ہی اس میں دفن کیا جائے گا''۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 321)

اور اس امر میں ہرگز کوئی شبہ نہیں رہ جاتا۔ کہ ایسے خوش قسمت بندے بلاشبہ خدا کی بخشش اور رحمت کے ٹھنڈے سایوں کے نیچے ہوں گے جن کے لئے خدا کے پیارے مسیح موعود نے دعائیں کی ہیں۔ ذیل میں صرف ایک اقتباس دعائیہ ملاحظہ ہو:

''میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنا دے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خوابگاہ ہو۔ جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا۔ اور دنیا کی محبت چھوڑ دی اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی اور.......................وفاداری اور صدق کا نمونہ دکھلایا۔ آمین یا رب العالمین''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 316)

پس یہ مبارک نظام ہیں۔ جن کی آج سے ٹھیک ایک صدی قبل 1905ء میں سیدنا حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ کی راہنمائی اور اسی کی منشاء مبارک کے تحت بنیاد رکھی۔ اللہ کرے کہ ان مبارک نظاموں کے ثمرات اور سائے دنیا بھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیں آمین۔

خلافت اک مقدس سائباں ہے

کئے پورے خدا نے عہد سارے　　کرم سے بھر دیئے دامن ہمارے
لڑی میں اس طرح ہم کو پرویا　　کہ ہم تسبیح کے دانے ہیں سارے
امام اپنا امیر کارواں ہے
خلافت اک مقدس سائباں ہے

ہمارا کام ہے ہر پل اطاعت　　اطاعت ہی سے قائم ہے یہ وحدت
نہیں خطرہ کوئی اب مفسدوں سے　　بفضل رب ہوئی بالغ جماعت
مقدر اس کا عمرِ جاوداں ہے
خلافت اک مقدس سائباں ہے

نئے جلوے دکھاتی ہے خلافت　　وفا کو آزماتی ہے خلافت
دلوں کے روگ میں اکسیر ہے یہ　　وساوس سب مٹاتی ہے خلافت
دلائل کی یہ اک تیغِ رواں ہے
خلافت اک مقدس سائباں ہے

یہ رچ جاتی ہے دل کے ولولوں میں　　نیا اک سلسلہ ہے سلسلوں میں
کوئی اک گھونٹ بھی گر اس کا چکھ لے　　اتر جاتی ہے ٹھنڈک سی دلوں میں
یہ زم زم ہے علاج تشنگاں ہے
خلافت اک مقدس سائباں ہے

ہم اپنے آپ کو اتنا سنواریں　　فرشتے پیار سے ہم کو پکاریں
خدا کا فضل ہم پر ہر گھڑی ہو　　ہمارے گھر رہیں دائم بہاریں
وہ تڑپیں جن کے گھر فصلِ خزاں ہے
خلافت اک مقدس سائباں ہے

خدا کی قدرتِ ثانی خلافت　　نئے اک دور کی بانی خلافت
یہ منہاج نبوت پر ہے قائم　　اور اب آ کر نہیں جانی خلافت
یہ لعلِ بے بہا ، جنسِ گراں ہے
خلافت اک مقدس سائباں ہے

ارشاد عرشی ملک

خلافت اور حکومت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

خلیفہ اپنے پیش رو کے کام کی نگرانی کے لئے ہوتا ہے۔ ..... مسیح موعود جس کے ذریعہ ..... جمالی ظہور ہوا صرف دینی بادشاہ تھا اس لئے اس کے خلفاء بھی اسی طرز کے ہوں گے۔

(کون ہے جو خدا کے کام روک سکے۔ انوار العلوم جلد 2 ص 13)

چونکہ حضرت مسیح موعود کو خدا تعالیٰ نے صرف روحانی خلافت دے کر بھیجا تھا اس لئے آئندہ جہاں تک ہو سکے آپ کی خلافت اس وقت بھی جبکہ بادشاہتیں اس مذہب میں داخل ہوں گی سیاسیات سے بالا رہنا چاہتی ہے۔ وہ لیگ آف نیشنز کا اصلی کام سرانجام دے گی اور مختلف ممالک کے نمائندوں سے مل کر ملکی تعلقات کو درست رکھنے کی کوشش کرے گی اور خود مذہبی، اخلاقی، تمدنی اور علمی ترقی اور اصلاح کی طرف متوجہ رہے گی تاکہ پچھلے زمانہ کی طرح اس کی توجہ کو سیاست ہی اپنی طرف کھینچ نہ لے اور دین و اخلاق کے اہم اُمور بالکل نظر انداز نہ ہو جائیں۔

جب میں نے کہا جہاں تک ہو سکے تو میرا یہ مطلب ہے کہ اگر عارضی طور پر کسی ملک کے لوگ کسی مشکل کے رفع کرنے کے لئے استمداد کریں تو ان کے ملک کا انتظام نیابتاً خلافت روحانی کرا سکتی ہے مگر ایسے انتظام کو کم سے کم عرصہ تک محدود رکھا جانا ضروری ہوگا۔ (احمدیت۔ انوار العلوم جلد 8 ص 295)

طارق ماربل سٹور
ماربل کے خوبصورت کتبہ جات اور قبروں کے لئے تیار ماربل رعایتی قیمت پر دستیاب ہے
طالب دعا: طارق احمد
فون رہائش: 213393
یادگار چوک ربوہ موبائل: 0320-4893393

جائیداد کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
شاہد اسٹیٹ ایجنسی
مین بازار نشاط کالونی لاہور کینٹ
طالب دعا شاہد مسعود
فون آفس 5745695 موبائل: 0320-4620481

چاندی میں الیس اللّٰہ کی انگوٹھیوں کی قیمتوں میں حیرت انگیز کمی
فرحت علی جیولرز اینڈ زری ہاؤس
یادگار روڈ ربوہ فون: 04524-213158

لاہور، کراچی، ڈیفنس لاہور اور گوادر میں جائیداد کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
عمر اسٹیٹ
Real Estate Consultants
فون 0425301549-50
موبائل: 0300-9488447
ای میل: umerestate@hotmail.com
452.G4 مین بلیوارڈ، جوہر ٹاؤن II لاہور
پروپرائیٹر: چوہدری اکبر علی

• Screen / Offset Printing • Clocks for Advertisement
• Computerized Cut Stickers • Shields & Stickers
• Crystal Coated Labels • Promotional Items
3-D HOLOGRAM STICKERS & SEALS
Aluminum Nameplates, Panels for Household Items & Agricultural Machinery etc.
Computerized Photo ID Cards
Holy Gifts in Metallic Mounts
Providing Quality Printing Services Since 1950
MULTICOLOUR INTERNATIONAL
129/C, Rehmanpura Lahore, Pakistan. Ph: 7590108
0300-8080400, email: multicolor13@yahoo.com

العطاء جیولرز
DT-145-C کری روڈ
ٹرانسفارمر چوک راولپنڈی
پروپرائیٹر۔ طاہر محمود ☎ 4844986

سرمد جیولرز
ورائٹی و اعتماد کا نام
4۔ مارکیٹ بلیدار ..... اچھرہ۔ لاہور
طالب دعا: میاں محمد اسلم میاں رضوان اسلم
فون 7567962 موبائل 7582408 موبائل: 0300-9463066

ربوہ و گرد و نواح میں مکانات، پلاٹس و زرعی اراضی کی خرید و فروخت کا مرکز
میاں اسٹیٹ ایجنسی
طالب دعا: میاں محمد کلیم ظفر
گلی نمبر 1 نزد ایجنسی صوفی کمی، ریلوے روڈ۔ ربوہ
فون آفس: 214220 فون رہائش: 213213

رحمان کون مہندی، ابٹن نور، نور بیوٹی سوپ، پرس بیگ، کاسمیٹکس
رحمان جنرل سٹور
بابر مارکیٹ، مین بازار۔ سیالکوٹ فون: 597058

احمد اسٹیٹ اینڈ بلڈرز
لاہور شہر میں واقع تمام سوسائٹیوں میں پلاٹس کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
رابطہ: 30 فرسٹ فلور 2-E25 مارکیٹ واپڈا ٹاؤن لاہور
پروپرائٹر: ندیم احمد۔ موبائل: 0333-4315502
☎ 042-5188844

5114822
5118096
5156244
الفضل روم کولر اینڈ گیزرز
پرانے کولر اینڈ گیزرز کی ریپئرنگ بھی کی جاتی ہے
265-16-B-1 کالج روڈ
نزد اکبر چوک ٹاؤن شپ لاہور

ڈسٹری بیوٹرز: ذائقہ بناسپتی، ذائقہ کوکنگ آئل، راجہ لانڈری سوپ
فضل عمر کمیشن شاپ
292-B سبزی منڈی آئی الیون فور۔ اسلام آباد
فون آفس: 4441767-4443973 موبائل: 0300-9547075

CHILDREN BROUGHT UP THROUGH
HOMOEOPATHIC TREATMENT ARE HEALTHY
INTELLIGENT AND STRONG
DR.MANSOOR AHMAD
D.583.FAISAL TOWN
LAHORE,PH:5161204

جنود ڈینٹل لیبارٹری
بلاک 12 سرگودھا
فل سیٹ، فکس دانت، برج، کراؤن، پورسلین ورک کیلئے
فون: 0451-713878 موبائل: 0320-5741490
Email:m.jonnud@yahoo.com

WIDE ZONE INTERNATIONAL
IMPORTER & EXPORTER OF KNITTED FABRIC-GARMENTS STITCHING UNIT
SH. MOHAMMAD NAEEM-UD-DIN
Ph: 92-041-680067, 600362 Mob: 0300-9660632
Email: armd_pak@hotmail.com
580-A GHULAM MOHAMMAD ABAD, FAISALABAD.

SHEIKH SONS
31-32 Bank Square Market Model Town, Lahore-54700, Pakistan
Tel: 042-5832127, 5832358 Fax : 042-5834907
E-mail:sheikhsons@lycos.co.uk- web site: www.sheikhsons.com
Indentors, Suppliers & Contractors
1) Gas & Steam Turbines Spares
2)Boilers
3)Speciality Chemicals for Oil & Gas and Power Industry

Importers & Exporters feel Free To Contact us
We are manufacturers of Leisure Sportswear;ie Track suits, Soccer, Golf, Base Ball, Boxing, Karate & Cricket Uniforms, Rainwear,working wear,polo shirts,Jackets, Wallets & Belts.
Remys INTERNATIONAL
Street#2Deputy Bagh Bank Road, Sialkot Pakistan
WEBSITE: ww.remysintl.com
Tel:+92-432-594642
Fax:+92-432-594822
Email:info@remysintl.com
Mobile 0333-8604684

ہر لحاظ سے قابل اعتماد مختلف رنگوں میں دستیاب
سونی سائیکل
اور دیگر سپیئر پارٹس مارکیٹ سے دستیاب ہیں
5 سال کی گارنٹی
پیارے بچوں کے لئے خوبصورت تحفہ
پاکستانی بنیے بین الاقوامی معیار کے ساتھ پاکستانی مصنوعات خریدیئے
تیار کردہ: سونی سائیکل انڈسٹریز، لاہور فون: 7232985، 7238497

کراچی اور سنگاپور کے 21-K اور 22-K کے فینسی زیورات کا مرکز
العمران جیولرز AIJ
الطاف مارکیٹ۔ بازار کاٹھیاں والا سیالکوٹ فون دوکان: 594674
فون رہائش: 553733 موبائل: 0300-9610532 طالب دعا:۔ عمران مقصود

تبرکات

خلافت حقہ کی چار واضح علامات

حضرت مولانا ابوالعطاء جالندھری

خلافت قائمقامی اور جانشینی کو کہتے اور کسی کی نیابت کی شان اور مرتبہ کو سمجھنے کے لئے اس کے اصل کو جاننا ضروری ہے۔ جس کا وہ نائب اور خلیفہ ہے۔ اگرچہ لفظ خلیفہ عام ہے مگر اصطلاح میں نبی کی وفات کے بعد اس کے کام کو سنبھالنے والا خلیفہ کہلاتا ہے۔

نبی ایسے وقت میں مبعوث ہوتا ہے جب دنیا کو بہت بڑی اصلاح کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس وقت فتنہ وفساد کا غلبہ ہوتا ہے۔ عقائد واعمال میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ نبی اس خرابی کو دور کرنے کے لئے آتا ہے۔ چونکہ اس زمانہ کے لوگ تقویٰ وصلاحیت سے دور ہوتے ہیں اس لئے نبی کے انتخاب میں انسانوں کے دخل کا یا ان کی صوابدید کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ براہ راست جس کو چاہتا ہے نبی مقرر فرماتا ہے۔ لوگ ہزار کہتے رہیں کہ یہ شخص نبی کے مقام کا اہل نہیں ان کا کہنا بیکار رہتا ہے اور ان کے ایسے اعتراض بے معنی۔ فرمایا...... من یشاء کہ اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنا رسول منتخب کرتا ہے۔ انسانی آراء کا اس میں کچھ دخل نہیں ہوتا۔

نبی اپنی دعاؤں، اپنی تبلیغ اور اپنی اخلاقی قوت قدسیہ کے ذریعے اپنے مخاطب لوگوں میں سے اپنی جماعت میں شامل کرتا جاتا ہے ان کی تعلیم وتربیت کرتا ہے۔ انہیں اخلاقی پاکیزگی سے نوازتا ہے۔ گویا وہ نبی کا گلشن ہوتا ہے جس کی آبیاری ونگرانی عمر بھر کرتا ہے اور آخر کار بوقت وفات نبی اپنے ان متبعین کو اپنی امانت سپرد کر جاتا ہے۔ اور انہیں اپنا جانشین مقرر کر دیتا ہے۔ وہ نبی کے کام کو جاری رکھنے اور اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے ذمہ وار ہوتے ہیں۔ وہ نبی کی تعلیم وتربیت کے ماتحت خوب جانتے ہیں کہ اس اہم ذمہ واری سے سبکدوش ہونے کے لئے اتفاق اور تنظیم بنیادی چٹان ہے۔

نبی کی تربیت سے یہ مقاصد بھی حاصل ہوتے ہیں کہ ہر کام میں جماعت کا ایک امیر ہوتا ہے اور امیر کی اطاعت نبی کی اطاعت ہوتی ہے۔ اس لئے جب نبی کی وفات کے صدمہ سے ان کے دل پگھلے جا رہے ہوتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ذمہ واری کا ایک پہاڑ ان پر آن پڑا ہے وہ الٰہی تحریک سے فی الفور اپنے میں سے ایسے شخص کے انتخاب کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ جو ان کے نزدیک سب سے زیادہ متقی، نبی کے مقاصد کو سمجھنے والا اور پورے عزم سے ان مقاصد کو بروئے کار لانے والا ہوتا ہے۔

